ایک شخص اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے پاس آیا، آپ سے کسی موضوع پر گفتگو کی اور اسی دوران بولا : جو اللہ چاہے اور آپ چاہیں (وہی ہوتا ہے)۔ لہذا آپ نے فرمایا : ”کیا تم نے مجھے اللہ کے برابر بنا دیا؟ اس کے بجائے یہ کہا کرو : جو اکیلے اللہ چاہتا ہے (وہی ہوتا ہے)۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے پاس آیا، آپ سے کسی موضوع پر گفتگو کی اور اسی دوران بولا : جو اللہ چاہے اور آپ چاہیں (وہی ہوتا ہے)۔ لہذا آپ نے فرمایا : ”کیا تم نے مجھے اللہ کے برابر بنا دیا؟ اس کے بجائے یہ کہا کرو : جو اکیلے اللہ چاہتا ہے (وہی ہوتا ہے)۔"

[إسناده حسن] [رواه ابن ماجه والنسائي في الكبرى وأحمد]

ایک شخص اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے پاس آیا، آپ سے کسی مسئلہ پر گفتگو کی اور اس کے بعد کہا : "ہوگا وہی جو اللہ چاہے اور آپ چاہیں۔" لہذا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے ان کی اس بات کی تردید کر دی اور بتایا کہ بندے کی مشیت کو اللہ کی مشیت پر واو کے ذریعہ عطف کرنا شرک اصغر ہے کسی مسلمان کے لیے اس طرح کی بات کہنا جائز نہیں ہے بعد ازاں ان کی رے نمائی اس طرف کر دی کہ کیا کہنا چاہیے انسان کو بس "ہوگا وہی جو بس اللہ چاہے" کہنا چاہیے بات بس اللہ کی مشیت کے ساتھ معلق کر کے کرنی چاہیے کسی بھی حرف عطف کے ذریعہ اس کے ساتھ کسی اور کی مشیت کو جوڑنا نہیں چاہیے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5928